**وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کا قطر، بحرین، کویت، عمان، نیویارک اور برسلز دورہ (جولائی 05 سے 15، 2026)**

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر 05 سے 10 جولائی 2026 تک قطر، بحرین، کویت اور عمان کے سرکاری دورے پر رہیں گے. ان ممالک کے دورے کے دوران وہ اپنے ہم منصب وزرائے خارجہ اور قیادت سے ملاقات کریں گے. یہ دورہ ان چاروں ممالک کے ساتھ ہمارے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے پر مرکوز ہوگا، اور اس کے ساتھ ساتھ علاقائی پیش رفت اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلۂ خیال کا بھی موقع فراہم کرے گا.

2. اس کے بعد وزیرِ خارجہ نیویارک کا دورہ کریں گے، جہاں 13 جولائی 2026 کو وہ اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کی مدتِ رکنیت 2028-29 کے لیے بھارت کی سرکاری مہم کا آغاز کریں گے.

3. بعد ازاں وہ تیسرے بھارت-یورپی یونین تجارت اور ٹیکنالوجی کونسل کے اجلاس میں شرکت کریں گے اور 14-15 جولائی 2026 کو برسلز میں اپنے یورپی یونین اور بیلجیم کے ہم منصبوں سے ملاقات کریں گے.

**نئی دہلی**
**جولائی 04، 2026**